© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زباں میری ہے بات اُن کی

- ❑ نیویارک میں نماز جمعہ کا مخلوط اجتماع۔ خاتون نے امامت کرائی۔ (ایک خبر)
- ● امریکی و پرویزی روشن خیال اسلام کی ایک جھلک!
- ❑ قائدِاعظم نے پاکستان کو کبھی اسلامی ملک قرار نہیں دیا۔ (اعتزاز احسن)
- ● تو اور ہندوستان کو اسلامی ملک قرار دیا تھا؟
- ❑ غریب آدمی سب سے بڑا دھوکے باز ہوتا ہے۔ (لاہور ہائی کورٹ)
- ● اور امیر آدمی......؟ فیصلہ محفوظ!
- ❑ وزیراعظم اور شیخ رشید میرے مؤقف سے متفق ہیں۔ (اداکارہ میرا)
- ● شیخ اور شوکت دونوں نیک ہیں!
- ❑ ڈاکٹر قدیر نیٹ ورک کا مکمل خاتمہ کیا جائے۔ (کنڈولیزا رائس)
- ● بکرے کی جان گئی۔ کھانے والے کو مزہ نہ آیا
- ❑ پیپلز پارٹی کے رہنما سلمان تاثیر کا بیٹا آتش تاثیر برطانیہ کے شاہی خاندان کا داماد بنے گا۔ سلمان کی اہلیہ تلوپن سنگھ شادی پر خوش نہیں۔ (ایک خبر)
- ● آپ مسلمان، دادا مسلمان، باپ مسلمان، ماں سکھنی، ہونے والی بیوی عیسائی (ملٹی نیشنل کمپنی)

  بھان متی نے کنبہ جوڑا انگریزی اینٹ لاہوری روڑا
- ❑ ملک اور جمہوریت بچانے کے لیے مشرف سے مذاکرات کرنا ڈیل نہیں۔ (زرداری)
- ● گڑ کھانا گلگلوں سے پرہیز!
- ❑ ملتان، مظفر آباد: شراب کی بھٹی پکڑی گئی۔ (ایک خبر)
- ● اور ملزم چھوڑ دیئے گئے۔
- ❑ جلد خلا میں انسان بھیجنے اور چاند پر پہنچنے کے قابل ہو جائیں گے۔ (صدر مشرف)
- ● ملک میں امن قائم کرلیا ہے۔ اب چاند پر دہشت گردوں کو پکڑوائیں گے۔
- ❑ الیکشن ۲۰۰۷ء، رولا ڈالا گیا تو ۲۰۰۸ء میں ہوں گے۔ (شجاعت)
- ● اور نتائج ۲۰۰۵ء میں مرتب ہوں گے۔
- ❑ عوام مولویوں کو مسترد کر چکے۔ (قاسم نون)

  نکاح، جنازہ پڑھواؤ گے کس سے؟ ”شرم تم کو مگر نہیں آتی“

© rasailojaraid.com